Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

24اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم اجلاس
- چیئرمین پاکستان تحریکِ انصاف کی درخواستِ ضمانت پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں سماعت کے بلاجواز التوا پر نہایت مایوسی کا اظہار
- انصاف میں تاخیر انصاف کے قتل کے مترادف ہے۔
- توشہ خانہ کیس میں سیشن عدالت کے متنازعہ ترین فیصلے میں سنگین نقائص کی نشاندہی خود سپریم کورٹ معاملے کی سماعت کے دوران کر چکی ہے۔
- نہایت ناگفتہ بہہ اور غیر انسانی حالات میں اٹک جیل میں قید سابق وزیراعظم کے بنیادی حقوق مسلسل غصب کئے جارہے ہیں۔
- امید ہے اسلام آباد ہائیکورٹ معاملے کو مزید التوا میں ڈالنے کی بجائے کل اسے نمٹائے گی اور ان کی سزا کو معطّل کیا جائے گا۔
- اجلاس میں چیف الیکشن کمشنر کی امریکی سفیر سے ملاقات اور صدرِ مملکت سے ملاقات سے گریز کا بھی جائزہ
- چیف الیکشن کمشنر کے صدرِ مملکت سے انتخابات کی تاریخ کے تعیّن کیلئے ملاقات سے انکار کی شدید مذمت
- چیف الیکشن کمشنر کی جانب سے سربراہِ ریاست سے ملاقات سے انکار کو دستور کی منشاء پر ایک اور سنگین حملہ قرار
- چیف الیکشن کمشنر کی امریکی سفیر سے ملاقات اور ریاست کے آئینی سربراہ کو انکار نے قوم میں شدید کو تشویش کو جنم دیا ہے۔
- صدرِ مملکت سربراہ ریاست، پارلیمان کا کلیدی جزو اور افواجِ پاکستان کے سپریم کمانڈر ہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- دستورِ مملکت قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد صدرِ مملکت کو عام انتخابات کی تاریخ کے تعیّن کا اختیار دیتا ہے۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان صدر کی مقرر کردہ تاریخ پر آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کے انعقاد کا پابند ہے۔
- بدقسمتی سے چیف الیکشن کمشنر انتخابات کے 90روز کی آئینی مدت میں انعقاد سے گریز کی سازش کا مرکزی کردار ہیں۔
- عام انتخابات کے آئینی مدت میں انعقاد سے گریز کی ناقابلِ قبول سازش کا حصہ بن کر چیف الیکشن کمشنر نے اپنے منصب کی ایک مرتبہ پھر توہین، آئین کو نیچا دکھانے کی کوشش کی ہے۔
- صورتحال کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لے رہے ہیں، چیف الیکشن کمشنر کے خلاف عدالتِ عظمیٰ سے رجوع بھی خارج از امکان نہیں۔
- اجلاس میں تحریک انصاف کے اعلیٰ سطحی وفد کی الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں شرکت پر بھی بریفنگ
- کور کمیٹی کی جانب سے حلقہ بندیوں کی آڑ میں انتخابات کے حوالے سے 90 روز کی آئینی مہلت سے تجاوز کو کسی طور قبول نہ کرنے کا اعلان
- اجلاس میں تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی اور صدر چودھری پرویز الٰہی کی خلافِ قانون حراست اور ان سے دورانِ حراست بدسلوکی پر بھی مفصل غور
- کور کمیٹی کی جانب سے تحریک انصاف جنوبی پنجاب کے صدر سینیٹر عون عباس بپّی کی جبری گمشدگی کی بھی شدید مذمت
- ڈاکٹر نوشین حامد کے اسپتال اور فارمیسی پر حملے اور بدترین توڑ پھوڑ بھی غنڈہ گردی اور سفاکیّت کی مجرمانہ کارروائی قرار
- شاہ محمود قریشی اور چودھری پرویز الٰہی سمیت تمام زیرِ حراست کارکنان کی فوری رہائی کا مطالبہ
- عدالتِ عظمیٰ سے تحریک انصاف کے قائدین اور کارکنان کے بنیادی حقوق کے تحفّظ کیلئے اقدام اٹھانے کی بھی استدعا
- خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف سے وابستہ سیاسی و سماجی شخصیات کو پولیس کے ذریعے تحریک سے علیحدگی کے اعلان پر مجبور کرنے کی کوششوں پر بھی غور

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- تحریک انصاف سے علیحدگی اختیار نہ کرنے والی سیاسی و کاروباری شخصیات سے بھتّہ وصول کرنے کی ٹھوس اطلاعات پر بھی شدید ردّ عمل کا اظہار
- پختونخوا میں پولیس کے ہاتھوں انتقام اور بھتہ خوری جیسی مجرمانہ سرگرمیوں کے فروغ کی اطلاعات شرمناک اور قابلِ مذمت ہیں۔
- دہشت گرد پوری منصوبہ بندی سے صوبے کو نشانہ بنارہے ہیں جبکہ ریاستی صفوں میں موجود مجرم پولیس کے ذریعے لاقانونیت کو ہوا دے رہے ہیں۔
- مرکز اور صوبے کی نگران حکومتیں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعے انتشار کو ہوا دینے سے گریز کریں۔
- ریاستی قوت کے بل پر خوف و ہراس پھیلانے یا تحریک انصاف کو کچلنے کی کوششیں ترک نہ کی گئیں تو صوبے میں شدید عوامی ردّ عمل پر غور کرنے پر مجبور ہوں گے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk